سندھ ایکٹ نمبر XXIV مجریہ 2011

SINDH ORDINANCE NO. XXIV OF 2011

سندھ (سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 2001 کی منسوخی اور سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 1979 کی بحالی) ایکٹ، 2011

THE SINDH (REPEAL OF THE SINDH LOCAL GOVERNMENT ORDINANCE, 2001 AND REVIVAL OF THE SINDH LOCAL GOVERNMENT ORDINANCE, 1979) ACT, 2011.

فہرست (CONTENTS)

تمہید

(Preamble)

دفعات

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

2. 1979 کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی بحالی

Revival of Sindh Ordinance No. XII OF 1979.

.3 2001 کے سندھ آرڈیننس نمبر XXVIIکی منسوخی

Repeal of Sindh Ordinance No.XXVII of 2001

.4 محفوظ کرنا

Saving

.5 رکاوٹ ہٹانا

Removal of difficulty

.6 منسوخی

Repeal.

سندھ ایکٹ نمبر XXIV مجریہ 2011

SINDH ORDINANCE NO. XXIV OF 2011

سندھ (سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 2001 کی منسوخی اور سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 1979 کی بحالی) ایکٹ، 2011

THE SINDH (REPEAL OF THE SINDH LOCAL GOVERNMENT ORDINANCE, 2001 AND REVIVAL OF THE SINDH LOCAL GOVERNMENT ORDINANCE, 1979) ACT, 2011.

[15 جولائی 2011]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 2001، (2001 کے آرڈیننس نمبر XXVII) کو منسوخ اور سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 1979 (1979 کے آرڈیننس نمبر XII) کو بحال کیا جائے گا،

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 2001 (2001 کے آرڈیننس نمبر

(XXVII کو منسوخ کرنا اور سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 1979 (1979 کے آرڈیننس نمبر XII) کو بحال کرنا ضروری ہو گیا ہے، جو اس طرح سے ہوگا۔

اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

1. (1) اس ایکٹ کو سندھ (سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 2001 کی منسوخی اور سندھ مکانی حکومت آرڈیننس 1979 کو بحال کرنا) ایکٹ، 2011 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

1979 کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی بحالی۔
Revival of Sindh Ordinance No. XII OF 1979.

2. سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 1979 (1979 کے آرڈیننس نمبر XII) کو اس کی اصل حالت جو 05.08.2001 میں تھی اس حالت میں فوری طور پر بحال کیا گیا ہے، جیسے یہ منسوخ کیا ہی نہیں گیا ہو۔

2001 کے سندھ آرڈیننس نمبر XXVII کی منسوخی ۔
Repeal of Sindh Ordinance No.XXVII of 2001

3. سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 2001 (2001 کے آرڈیننس نمبر XXVII) کو فوری طور پر منسوخ کیا جاتا ہے۔

محفوظ کرنا
Saving

4. سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 2001 (2001 کے آرڈیننس نمبر XXVII) کی منسوخی تک کیئے گئے تمام احکامات (بشمول قواعد، بائے لاز، ضوابط اور نوٹیفکشنز کے اور دوسری قانونی دستاویزات کے)، کی گئی کارروائیوں، کی گئی مقرریاں کسی اتھارٹی یا کسی فرد کی طرف سے اٹھائے گئے اقدامات جو لیئے گئے یا کیئے گئے، یا کرنے تھے، یا اس سلسلے میں لینے یا کرنے تھے، اگست، 2001 کے

چھ دنوں تک اور تاریخ تک جس دن یہ ایکٹ لاگو ہوا (دونوں دنوں سمیت) لاگو رہے گا جب تک وزیر اعلیٰ یا اس کی طرف سے بااختیار بنائی گئی اتھارٹی یا عملدار کی طرف سے تبدیل، منسوخ یا ترمیم کیئے جائیں۔

رکاوٹ ہٹانا
Removal of difficulty

5. اگر اس ایکٹ کی گنجائش کو موثر بنانے میں کوئی رکاوٹ پیش آتی ہے تو وزیر اعلیٰ سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے ایسی گنجائیشیں بنا سکتا ہے جو رکاوٹ ہٹانے کے لیئے لازمی یا ضروری ہوں۔

منسوخی
Repeal.

6. سندھ (سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 2001 کی منسوخی اور سندھ اور سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 1979 کی بحالی) آرڈیننس، 2011 کو کیا جاتا ہے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔